**Shabbir / Fazil**

**15-04-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- BJP کے لیڈر سمراٹ چودھری آج صبح پٹنہ کے لوک بھون میں بہار کے نئے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔

2- پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ خواتین ریزرویشن بل متوازن ہے اور اس سے ہر ریاست، برادری اور ہر خطے کی امنگوں کی تکمیل ہوتی ہے۔

3 - چھتیس گڑھ میں Boiler میں دھماکے کے حادثے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 14 ہوگئی ہے۔

4- انڈمان کے سمندر میں گنجائش سے زیادہ بھرے ہوئے Trawler کے الٹنے کے بعد سے 250 افراد لاپتہ ہیں، جن میں روہنگیا پناہ گزیں اور بنگلہ دیشی شہری بھی شامل ہیں۔

5- اسرائیل اور لبنان نے واشنگٹن میں ابتدائی براہِ راست بات چیت کی ہے۔

6- اور IPL کرکٹ میں، چنئی کے ایم۔اے۔ چدمبرم اسٹیڈئم میں چنئی سپر کنگس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 32 رن سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Bihar New CM

بہار کے نائب وزیر اعلیٰ اور BJP رہنما سمراٹ چودھری آج صبح ریاست کے نئے وزیر اعلیٰ کا حلف لیں گے۔ حلف برداری کی یہ تقریب پٹنہ میں، لوک بھون میں دن میں 11 بجے منعقد ہوگی۔ وہ پہلے BJP رہنماء ہیں، جنہیں ریاست میں اِس اعلیٰ مقام پر فائز کیا گیا ہے۔

کل جناب چودھری نے گورنر، ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل سید عطا حسنین سے لوک بھون میں ملاقات کر کے، حکومت تشکیل دینے کا دعویٰ پیش کیا تھا۔

اُنہیں NDA کی قانون ساز پارٹی کی میٹنگ میں، اتفاقِ رائے سے رہنما کے طور پر چُنا گیا تھا۔×

PM Karnataka Visit

وزیراعظم نریندر مودی آج کرناٹک میں مانڈیا میں Srikshetra Adichunchanagiri میں سری گرو Bairavaikya Mandira کا افتتاح کریں گے۔ وہاں پہنچنے کے بعد وزیراعظم جوالاپیٹھ جائیں گے ۔ ایسا خیال ہے کہ وہاں بھگوان شیو نے تپسیہ کی تھی۔ اِس کے بعد جناب مودی Sri Kala Bhairava مندر میں پوجا ارچنا کریں گے۔

وزیراعظم کے دورے کے مدِّنظر سیکیورٹی کے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔x

Dharampuri Constituency

تمل ناڈو کے، دھرما پوری ضلعے میں 4 اسمبلی حلقے ہیں، جن کے نام Palacode, Pennagaram, Dharmapuri, Pappireddipatti اور Harur ہیں۔تمل ناڈو کے شمال مغربی حصے میں، یہ ضلع 1965 میں تشکیل دیا گیا تھا۔ اِس ضلعے میں 12 لاکھ 40 ہزار 108 رائے دہندگان ہیں۔

اِس ضلعے کے دھرم پوری حلقے میں، 2 لاکھ 57 ہزار 939 رائے دہندگان ہیں۔

تفصیل ہمارے نگار سے

V/C - Joy

دھرم پوری، آموں، ریشم اور گرینائٹ کانوں کیلئے مشہور ہے۔ اِس کے علاوہ یہاں Hogenakkal آبشار بھی ہے۔ یہاں سے کاویری دریا، ریاست میں داخل ہوتا ہے۔ ڈاکٹر سومّیا امبومنی یہاں سے چناؤ لڑ رہی ہیں۔ وہ 2024 میں پارلیمانی انتخابات میں ہار گئی تھیں۔ وہ سوشیولوجی اور بایولوجی میں PHD ہیں۔ وہ Pasumai Thayagam کی صدر ہیں اور انہوں نے خود کو ماحول کے تحفظ کیلئے وقف کیا ہوا ہے۔موجودہ MLA، این ڈے اے اتحاد میں ڈاکٹر امبومنی رامادوس کی قیادت والی PMK سے وابستہ ایس پی وینکاٹیشورن ہیں۔ یہ حلقہ 1952 میں تشکیل دیا گیا تھا۔ اِس حلقے میں پانچ بار DMK، تین بار PMK ، دو بار کانگریس اور ایک-ایک بار AIADM اور DMDK کامیاب ہوئی ہے۔

DMK کی قیادت والے سیکولر پروگریسو اتحاد میں DMDK سے وابستہ ڈاکٹر وی ایلن گووَن، دھرم پوری سے چناؤ میدان میں ہیں۔

تمل ناڈو سے Joy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

WB BJP Campaign

BJP نے مغربی بنگال میں اپنی انتخابی مہم تیز کر دی ہے، کیونکہ ریاست میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی پولنگ میں محض ایک ہفتہ باقی رہ گیا ہے۔

سینئر پارٹی لیڈر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج ریاست میں بہت سے عوامی جلسوں کا انعقاد کریں گے۔ وہ دارجیلنگ قصبے میں دوپہر کے آس پاس Lebong Ground میں ایک ریلی میں شرکت کریں گے، جس کے بعد جَلپائی گُڑی ضلعے کے راج گنج میں ایک میٹنگ منعقد ہوگی۔

بعد میں دوپہر کے وقت امت شاہ، علی پور دوار میں Falakata Mill Road گراؤنڈ میں ایک ریلی میں شرکت کریں گے۔ وہ کُوچ بہار میں، طوفان گنج کے، کالی باڑی آر ایم سی گراؤنڈ میں ایک عوامی جلسے میں بھی شرکت کریں گے۔×

Rijiju Women Reservation

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ سرکار خصوصی پارلیمانی اجلاس میں خواتین ریزرویشن کا جو بل لانے والی ہے، وہ متوازن ہے اور اِس سے ہر ریاست، برادری اور ہر خطے کی امنگوں کی تکمیل ہوتی ہے۔

نئی دلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ انھوں نے ہر سیاسی پارٹی سے رابطہ کیا ہے اور کوئی بھی پارٹی مذکورہ بل کی مخالفت نہیں کر رہی ہے۔ یہ بل پارلیمنٹ کے کل سے شروع ہونے والے اجلاس کے دوران پیش کیا جائے گا۔ یہ اجلاس ہفتے کے روز تک جاری رہے گا۔

جناب رجیجو نے بتایا کہ وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کے مفاد میں متحد ہونے پر سبھی سیاسی پارٹیوں کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔

S/B : Kiren Rijiju

Chattisgarh Explosion

چھتیس گڑھ میں Singhanterai کے مقام پر بوائیلر میں دھماکہ کے حادثے میں مرنے والوں کی تعداد 14 ہوگئی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اِس حادثے میں لوگوں کی موت پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

جناب مودی نے اِس واقعے میں ہلاک ہونے والوں کے لواحقین کیلئے وزیراعظم کے قومی راحت فنڈ سے دو۔دو لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے، جبکہ زخمیوں کو پچاس۔پچاس ہزار روپے دیے جائیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Jigyasa

کل Sakti ضلعے کے Singhanterai گاؤں میں Vedanta Ltd. Power Plant میں یہ دھماکہ اُس وقت ہوا جب ایک بوائیلر ٹیوب پھٹ پڑی۔ ضلعے کے پولیس سپرنٹنڈینٹ کے مطابق یہ طاقتور دھماکہ بوائیلر سے turbine کو ہائی پریشر Steam سپلائی کرنے والی ایک ٹیوب میں کل دن میں ڈھائی بجے کے آس پاس ہوا، جس سے کارکن شدید طور پر جھلس گئے۔ چار کارکنوں کی موقعے پر ہی موت ہوگئی، جبکہ تقریباً 30 کارکن زخمی ہوئے اور اُنھیں رائے گڑھ اور بلاسپور ضلعے کے مختلف اسپتالوں میں داخل کرایا گیا۔ کم از کم چھ زخمیوں کی حالت نازک بتائی گئی ہے۔

اُدھر چھتیس گڑھ کے وزیراعلیٰ وشنو دیو سائی نے مرنے والوں کے لواحقین کیلئے پانچ پانچ لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا ہے، جبکہ زخمیوں کو پچاس۔پچاس ہزار روپے دیے جائیں گے۔

اِس سانحے کی انکوائری کا حکم دے دیا گیا ہے۔x

دلی سے جگیاسا پانڈے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں .......

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Maha President Nagpur

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے مہاراشٹر کے دو دن کے دورے پر رہیں گی۔ اپنے اِس دورے میں وہ مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گی۔

صدر جمہوریہ آج صبح ایمس ناگپور کے تقسیم اسناد کی تقریب میں شرکت کریں گی۔ اس موقعے پر 210 طلبا کو ڈگریاں اور گولڈ میڈل دیے جائیں گے۔

بعد میں وہ ناگپور میں براہِ راست ٹیکسوں کی قومی اکیڈمی میں انڈین Revenue سروس، انکم ٹیکس شعبے کے زیرِ تربیت افسروں کے 78 ویں Batch کی اختتامی تقریب میں شامل ہوں گی۔x

J&K Amarnath Yatra

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کیلیے پیشگی رجسٹریشن ملک میں 554 مخصوص بینک شاخوں میں آف لائن Mode اور آن لائن وسیلے سے آج سے شروع ہو رہا ہے۔ شری امرناتھ شرائن بورڈ نے یاتریوں کی سہولت کیلئے تفصیلی طریقۂ کار جاری کیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Gulshan Raina

بینک کی ہر مخصوص برانچ پر 'پہلے آوٗ پہلے پاؤ' کی بنیاد پر رجسٹریشن اور یاترا پرمٹ جاری کرنے کا عمل انجام دیا جائے گا اور اِس کا انحصار ہر روٹ کیلئے روزانہ کے مقررہ کوٹے پر ہوگا۔ اندراج کی یہ سہولت جموں و کشمیر بینک، پنجاب نیشنل بینک، اسٹیٹ بینک آف انڈیا اور Yes بینک کی 554 شاخوں پر دستیاب ہوگی۔ 13 سے لے کر 70 سال تک کی عمر کے یاتری رجسٹریشن کے اہل ہوں گے، جبکہ چھ ہفتے سے زیادہ کی حاملہ خواتین کو یاترا کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ یاتریوں کو کسی مجاز ڈاکٹر یا میڈیکل ادارے کی جانب سے آٹھ اپریل یا اِس کے بعد جاری کیا گیا لازمی ہیلتھ سرٹیفکٹ پیش کرنا ہوگا۔x

جموں سے گلشن رینا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

New Wages

اترپردیش سرکار نے غیر ہنرمند، نیم ہنرمند اور ہنرمند مزدوروں کیلئے اجرتوں میں تقریباً تین ہزار روپے تک کے اضافے کا اعلان کیا ہے۔ اِس طرح گوتم بدھ نگر اور غازی آباد ضلعوں میں اجرتوں میں لگ بھگ 21 فیصد کا اضافہ ہوجائے گا۔

اجرتیں بڑھانے کی مانگ کے معاملے پر نوئیڈا میں حالیہ گڑبڑ کے تناظر میں وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی ہدایت پر تشکیل دی گئی اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے یہ فیصلہ کیا۔ نئی شرحوں کا اطلاق اِس مہینے کی پہلی تاریخ سے مانا جائے گا۔

سرکار نے 20 ہزار روپے کی کم از کم اجرت سے متعلق اطلاعات کو گمراہ کُن قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ عبوری اضافے کے ذریعے صنعتوں کی تشویش کے ساتھ کارکنوں کی مانگوں میں توازن رکھا گیا ہے۔

اِدھر اگلے مہینے تشکیل دیے جانے والے اجرت بورڈ کی سفارشات کی بنیاد پر مستقل کم از کم اجرتوں کا تعین کرنے کا عمل شروع کیا جائے گا۔ ریاستی سرکار، صحت، پینشن اور کارکنوں کے بچوں کی تعلیم سمیت بہبود کی نئی اسکیموں پر بھی غور کر رہی ہے۔x

Himachal

آج ہماچل پردیش کا یومِ تاسیس ہے۔ اِس موقعے پر Kinnaur کے ضلع صدر مقام پر ریاستی سطح کی تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے جہاں وزیراعلیٰ سکھویندر سنگھ Sukhu قومی پرچم لہرائیں گے اور پریڈ کی سلامی لیں گے۔

اِس موقعے پر پوری ریاست میں ضلع سطح کے پروگراموں کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔

Bengali New Year

آج بنگالی برادری کے افراد دنیا بھر میں Poila Boishakh منا رہے ہیں، جو بنگالی نیا سال ہے۔ یہ تہوار 1433 سے منایا جاتا ہے۔ مغربی بنگال میں عقیدتمند، مندروں کے درشن کر رہے ہیں، جن میں کالی گھاٹ کالی مندر اور Dakshineswar کالی مندر بھی شامل ہے۔ ریاست میں، بازار اور خریداری کے مراکز میں تہوار کی چہل پہل ہے۔ کاروباری افراد اپنے نئے بہی کھاتے کھول رہے ہیں، جو روایتی Haal Khata تقریب کے حصہ ہیں۔ یہ لوگ اپنے گاہکوں کو مٹھائیاں پیش کر رہے ہیں اور مبارکباد دے رہیں۔ اس موقعے پر مختلف جگہوں پر ثقافتی پروگراموں کا انعقاد بھی کیا جا رہا ہے۔x

Bangladesh Board

انڈمان کے سمندر میں گنجائش سے زیادہ بھرے ہوئے Trawler کے الٹنے کے بعد سے 250 افراد کے لاپتہ ہونے کا اندیشہ ہے، جن میں روہنگیا پناہ گزیں اور بنگلہ دیشی شہری بھی شامل ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ لوگ ملیشیا جانے کی کوشش کر رہے تھے۔

معلوم ہوا ہے کہ یہ ٹرالر جنوبی بنگلہ دیش میں Teknaf سے روانہ ہوا تھا اور تیز ہواؤں اور سمندر میں اونچی اونچی لہروں کی زد میں آنے کے بعد الٹ گیا۔ ایسا خیال ہے کہ یہ واقعہ 9 اپریل کو پیش آیا تھا لیکن تفصیلات ابھی واضح نہیں ہوسکی ہیں۔ اب تک زندہ بچ جانے والے صرف 9 افراد کو بچایا گیا ہے۔

حکام نے کہا ہے کہ جن افراد کو بچایا گیا ہے، اُن پر لوگوں کو غیر قانونی طریقے سے ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہنچانے میں ملوث ہونے کا شبہ ہے۔x

Rev. Iran Talks

امریکہ نے اشارہ دیا ہے کہ ایران کے ساتھ بات چیت کچھ ہی دنوں میں دوبارہ شروع ہو سکتی ہے، جبکہ اسرائیل اور لبنان نے کئی دہائیوں میں پہلی بار براہِ راست مذاکرات شروع کیے ہیں، جس سے، ساتھ ہی ساتھ یہ اشارہ ملتا ہے کہ مغربی ایشیاء میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے کی سفارتی کوششیں بھی جاری ہیں۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات، پاکستان میں اگلے دو روز میں شروع ہو سکتے ہیں۔ اِس بات چیت میں دو ہفتے کی جنگ بندی کی مدّت میں توسیع کرنے پر توجہ دی گئی تھی، جو تقریباً 21 اپریل کو ختم ہوگی۔ اصل نااتفاقی ایران کے نیوکلیائی پروگرام پر رہی، جبکہ امریکہ، یورینیم کو افزودہ بنانے کے ایران کے عمل کو ختم کرانا چاہتا تھا۔ اِدھر ایران، خود پر لگی ہوئی بندشوں میں راحت اور معاوضے کا مطالبہ کر رہا ہے۔

اسی دوران اسرائیل اور لبنان کے محاذ پر بھی سفارتی سرگرمیاں شروع ہو گئی ہیں۔ لبنان اور اسرائیل نے کل واشنگٹن میں ابتدائی سطح کی براہِ راست بات چیت کی، جس کی میزبانی امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کی۔ یہ میٹنگ 1980 کی دہائی کے اوائل سے، دونوں ملکوں کے درمیان پہلی براہِ راست سفارتی سرگرمی ہے اور دونوں ہی ممالک جنوبی لبنان کی سرحد پر کشیدگی کو کم کرنے کی کوشش میں ہیں۔

اطلاعات کے مطابق مذاکرات میں سکیورٹی کے انتظامات اور شہریوں کے معاملات پر توجہ دی گئی، جن میں اسرائیل کی فوجی سرگرمی اور محاذ آرائی کے علاقوں سے فوجوں کی واپسی کا لبنان کا مطالبہ شامل ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vinod Kumar

مغربی ایشیاء میں سفارتی کوششوں میں تیزی آ رہی ہے۔ امریکہ ساتھ ہی ساتھ دو اہم محاذوں پر مذاکرات پر اصرار کر رہا ہے۔ اُس کا کہنا ہے کہ ایران کے ساتھ بات چیت کچھ ہی دن میں دوبارہ شروع ہو سکتی ہے، کیونکہ دونوں ممالک جنگ بندی میں توسیع اور آبنائے ہُرمز کے قریب مزید کشیدگی کو روکنے کی کوشش میں ہیں۔ اسی کی ساتھ ساتھ اسرائیل اور لبنان نے واشنگٹن میں کئی دہائیوں میں پہلی براہِ راست بات چیت کا آغاز کیا ہے، جس میں سرحد پر کشیدگی اور جنوبی لبنان میں سکیورٹی انتظامات پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔ امریکہ دونوں ہی مذاکرات میں ثالثی کے فرائض انجام دے رہا ہے، جس کے تحت وہ مغربی ایشیاء میں، ٹکراؤ والے کئی مقامات پر استحکام لانا چاہتا ہے۔

اگرچہ فوری طور پر کسی پیشرفت کی امید نہیں ہے، لیکن ایران اور اسرائیل و لبنان کے درمیان ایک ساتھ کی جانے والی سفارتی سرگرمیوں سے اِن نئی کوششوں کا اشارہ ملتا ہے کہ خطّے میں تنازعے کو بڑھنے سے روکا جا سکے گا۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

## IPL

IPL کرکٹ میں کل رات چنئی کے ایم۔اے چدمبرم اسٹیڈئم میں چنئی سپر کنگس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 32 رن سے ہرا دیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے چنئی کی ٹیم نے 20 اوورس میں پانچ وکٹ پر 192 رن بنائے۔ آیوش مہاترے نے 17 گیندوں پر تیز رفتار 38 رن اسکور کیے۔

کولکاتہ نائٹ رائڈرس کی بازی شروع میں ہی لڑکھڑا گئی اور نور احمد کی شاندار گیند بازی کی وجہ سے صرف 91 کے اسکور پر اُس کے چھ کھلاڑی آوٹ ہو گئے تھے۔ نور احمد نے تین وکٹ لیے۔ انھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ کولکاتہ کی ٹیم سات وکٹ پر 160 رن ہی بنا سکی۔

آج بینگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈئم میں رائل چیلنجرس بینگلورو کا مقابلہ لکھنؤ سپر جائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فیصل خان

شکریہ ۔اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے دلی- دہرادون ایکسپریس کے افتتاح کی خبر کو اولیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے سرخی لگائی ہے: وزیراعظم نریندر مودی نے دلی-دہرادون ایکسپریس وے کو خوشحالی کی ضمانت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے اتراکھنڈ کی ترقی کو نئی جہت ملے گی۔

روزنامہ انقلاب نے بہار میں نئے وزیراعلیٰ منتخب ہونے کی خبر کو شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: سمراٹ چودھری بہار کے نئے وزیراعلیٰ ہوں گے، لوک بھون میں حلف برداری آج ۔

روزنامہ انقلاب نے ایران - امریکہ مذاکرات کی خبر کو شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے: ایران-امریکہ مذاکرات کا دوسرا دور جلد متوقع، ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا کہ مذاکرات کا اگلا دور آئندہ 2روز میں ہوسکتا ہے۔

اخبارات کی کچھ اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں۔

☆ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے وزیراعظم نریندر مودی سے فون پر بات کی۔

☆ اٹلی کا اسرائیل کے ساتھ فوجی معاہدہ معطل کرنے کا اعلان۔

☆ آبنائے ہرمز پر ایرانی وزیرخارجہ کا روسی ہم منصب سے تبادلہ خیال۔

☆ عازمین حج کے استقبال کیلئے منیٰ میں تیاریاں آخری مرحلے میں، عمرہ زائرین کو 18 اپریل تک سعودی عرب چھوڑنے کا حکم۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- BJP کے لیڈر سمراٹ چودھری آج صبح پٹنہ کے لوک بھون میں بہار کے نئے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔

2- پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے کہا ہے کہ خواتین ریزرویشن بل متوازن ہے اور اس سے ہر ریاست، برادری اور ہر خطے کی امنگوں کی تکمیل ہوتی ہے۔

3 - چھتیس گڑھ میں Boiler میں دھماکے کے حادثے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد 14 ہوگئی ہے۔

4- انڈمان کے سمندر میں گنجائش سے زیادہ بھرے ہوئے Trawler کے الٹنے کے بعد سے 250 افراد لاپتہ ہیں، جن میں روہنگیا پناہ گزیں اور بنگلہ دیشی شہری بھی شامل ہیں۔

5- اسرائیل اور لبنان نے واشنگٹن میں ابتدائی براہِ راست بات چیت کی ہے۔

6- اور IPL کرکٹ میں، چنئی کے ایم۔اے چدمبرم اسٹیڈئم میں چنئی سپر کنگس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 32 رن سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------